Comfort - بائبل آیات آرام

کرنتھیوں ۲ 1:2

ہمارے باپ خدا اور خداوند یسوع مسیح کی طرف سے تم پر فضل اور اطمینان حا صل ہو تا رہے۔

کرنتھیوں ۲ 1:3

اس خدا کی تعریف ہو تی رہے جو ہمارے خدا وند یسوع مسیح کا باپ ہے وہ رحمتوں کا باپ اور ہر طرح کی تشفّی کا خدا ہے۔

کرنتھیوں ۲ 1:4

جب ہم پریشا نی میں ہو تے ہیں تو وہ ہمیں تشفّی دیتا ہے تا کہ ہم بھی دوسروں کو تشفّی دے سکیں جب وہ کسی قسم کی پریشا نی کا سامنا کر تے ہیں۔جس طرح خدا نے ہمیں تشفی دی ہے۔ویسی ہی تشفی ہم انکو دیتے ہیں۔

امثال 15:13

ایک خوش دل ، چہرہ کو خندہ کر تا ہے۔ اور ایک درد بھرا دل آدمی کی روح کو کچل دیتا ہے۔

اوّل سلاطین 8:66

دوسرے دن سلیمان نے لوگوں سے کہا کہ گھر جائیں سب لوگو ں نے بادشاہ کا شکریہ ادا کیا اور وداع ہوکر گھر گئے۔ وہ خوش تھے کیوں کہ خدا وند نے اپنے خادم داؤد اور اسکے لوگوں کے لئے اچھی چیزیں کیں تھیں۔

اوّل تواریخ 16:10

ان سبھوں کو جو خداوند کو تلاش کرتا ہے خوشیاں منانے دو ! خداوند کے مقدس نام پر فخر کرو

امثال 12:25

فکر و پریشانی خوشی چھین لیتی ہے لیکن اچھی بات آدمی کو خوش کر تی ہے۔

امثال 13:12

جب امید پو ری ہو نے میں لمبا وقت لگتا ہے تو دل مایوس ہو جا تا ہے لیکن جو خواہش پو ری ہو جا تی ہے وہ درخت حیات کی مانند ہے۔

یسعیاہ 30:26

تب چاند کی چاندنی ایسی ہو گی جیسی سورج کی روشنی اور سورج کی روشنی سات گنی زیادہ چمکیلی بلکہ سات دن کی روشنی کے برا بر ہو گی۔ یہ اس وقت ہو گا جب خداوند اپنے لوگو ں کے زخموں پر پٹی لگا ئے گا اور ان زخموں کو اچھا کرے گاجسے اس نے دیا تھا۔

ہوسیع 13:8

میں ان پر اس ریچھ کی طرح جھپٹ پڑونگا، جیسے اس کے بچے چھین لئے گئے ہوں۔ میں ان پر حملہ کرونگا۔ میں ان کے سینے چیر پھاڑدوں گا۔ میں اس شیر ببر یا کسی دوسرے ایسے وحشی جانور کی مانند ہو جا ؤں گا جو اپنے شکار کو پھاڑ کر کھاجا تا ہے۔

اوّل سموئیل 1:8

اس کے شو ہر القا نہ نے اس سے پو چھا ، "حنّہ ! تم کیو ں رو رہی ہو ؟ " تم کھا نا کیوں نہیں کھا تی ہو ،تم کیوں رنجیدہ ہو ؟ تمہیں سوچنا چا ہئے میں تیرے لئے دس بیٹوں سے بڑ ھکر ہوں۔ "

اوّل سموئیل 1:10

حنّہ بہت رنجیدہ تھی۔ جب اس نے خدا وند سے دعا کی تو بہت روئی۔

زبُور 25:16

میری طرف متوجّہ ہو اور مجھ پر رحم کر۔ اے خداوند! میں مصیبت زدہ اور اکیلا ہوں۔

زبُور 25:17

مسائل سلجھا نے میں میری مدد کر۔ میری مصیبتوں سے مجھ کو نجات دے۔

زبُور 34:18

جب لوگوں کو مصیبتیں آتی ہیں تو وہ اپنے غرور چھوڑتے ہیں۔
خداوند عاجز لوگوں کے قریب رہتا ہے۔ جن کے دل ٹوٹے نہیں ہیں اُن کو وہ بچائے گا۔

زبُور 38:8

میں اس قدر چوٹ کھا یا ہوا ہوں کہ میں کچھ بھی محسوس نہیں کرتا۔
میرا بوجھ بھرا دل مجھے چیخنے چلاّنے پر مجبور کر تا ہے۔

زبُور 55:4

میں موت سے خوفزدہ ہوں۔ میرا دل میرے اندر زور سے دھڑک رہا ہے۔

زبُور 61:2

جہاں بھی میں رہوں، اور کتنا ہی کمزور کیوں نہ رہوں میں مدد کے لئے تجھ کو پکا روں گا۔
جب میرا دل بوجھل ہو اور بہت دُکھی ہو، توُ مجھ کو بہت بلند محفوظ جگہ پر لے چل۔

زبُور 61:3

جو مجھے میرے دشمنوں سے بچا تا ہے۔ توُ ہی میری پناہ ہے۔ تو ہی میرا محفوظ بُرج ہے۔

زبُور 62:8

اپنے تمام مسائل خدا سے کہو۔ خدا ہما ری پناہ گا ہ ہے۔ اے لوگو! خدا پر ہر وقت توکّل کرو۔

زبُور 73:26

لیکن وہ چٹان میرے پا س ہے جسے میں چاہتا ہوں۔ خدا میرے پاس ہمیشہ ہے۔ چا ہے میرا دماغ اور جسم ضائع ہو جا ئے

زبُور 77:2

میری روح نے تشفی نہیں پا ئی۔ تو میں نے ساری رات تجھ کو یاد کیا۔ اے میرے خدا! مجھ پر جب مصیبتیں پڑی،

زبُور 77:3

میں خدا کو یاد کر تا ہوں، اور میں کو شش کرتا رہتا ہوں کہ میں اس سے بات کروں،
اور بتا دوں کہ مجھے کیسا لگ رہا ہے۔ لیکن ا فسوس میں ایسا نہیں کر پا تا۔

زبُور 86:11

میں زندہ رہو ں گا اور تیری سچا ئی کو مانوں گا۔ اے خداوند! اپنی راہوں کی تعلیم مجھ کو دے۔
جو میری زندگی میں سب سے اہم چیز ہے۔ میری مدد کر تا کہ تیرے نام کی عبادت کروں

زبُور 109:22

اور میرا دل میرے پہلو میں زخمی ہے۔ اِس لئے کہ میں غریب اور محتاج ہوں،

زبُور 112:7

اُس کا دل قائم ہے کیوں کہ وہ خدا وند پر توکل کر تا ہے۔ وہ بُری خبر سے نہ ڈرے گا۔

زبُور 112:8

وہ خوفزدہ نہیں ہو گا۔ وہ اپنے دشمنوں کو ہرا دیگا۔ ایسا شخص با اعتماد رہتا ہے۔

زبُور 143:4

میں اپنا حوصلہ کھو رہا ہوں۔ میں ما یوس ہو رہا ہوُں۔

زبُور 147:3

، اور اُن کے زخموں پر پٹّی باندھتا ہے۔ خداوند ان کے شکستہ دلوں کو شفا دیتا ہے

امثال 14:30

صحت مند دماغ جسم کو طاقت پہنچا تا ہے لیکن حسد خود اپنے جسم کے لئے بیماری کا سبب بنتا ہے۔

امثال 15:13

ایک خوش دل ، چہرہ کو خندہ کر تا ہے۔ اور ایک درد بھرا دل آدمی کی روح کو کچل دیتا ہے۔

واعظ 1:13

اور میں نے اپنا دل لگا کر جو کچھ آسمان کے نیچے کیا جا تا ہے ان سب کی تفتیش و تحقیق کروں۔ خدا نے بنی آدم کو سخت دُکھ دیا ہے وہ مشقت میں مبتلا رہیں۔

واعظ 2:10

میری آنکھوں نے جو کچھ دیکھا اور چا ہا اسے میں نے اپنے لئے حاصل کیا۔میں نے ہمیشہ اپنے دل کی ساری خوشی کو پو را کیا۔ میں جو کچھ بھی کر تا میرا دل ہمیشہ ا س سے خوش رہا کر تا اور یہ شادمانی میری محنت کا صلہ تھی۔

واعظ 2:22

اپنی زندگی میں ساری مشقت اور جد و جہد کے بعد آخر ایک انسان کو اصل میں کیا ملتا ہے ؟

واعظ 2:23

کیوں کہ اس کے لئے عمر بھر غم ہے اور اس کی محنت ما تم ہے بلکہ اس کا دل رات کو بھی آرام نہیں پا تا ہے یہ سب بھی بیکار ہی ہے۔

یسعیاہ 30:29

اس وقت تم خوشی کے گیت گا ؤ گے وہ وقت ان راتو ں کے جیسا ہو گا جب تم اپنی تقریب منانی شروع کر تے ہو۔ تم ان لوگو ں کی مانند شادماں ہو گے جو اسرائیل کی چٹان خداوند کے پہاڑ پر جانے کے وقت بانسری کو سنتے ہو ئے خوش ہو تے ہیں۔

یسعیاہ 57:15

،وہ جس کانام مقدس ہے، وہ جو امر ہے ، خدا جو بلند ہے اور جس کو اوپر اٹھا یا گیا ہے
،وہ یہ فرماتا ہے : میں ایک بلند اور مقدس مقام پر رہا کر تا ہوں
لیکن میں ان لوگوں کے بیچ بھی رہتا ہوں جو اپنے گنا ہوں کے سبب سے شکستہ دل اور فروتن ہیں۔
اور پشیمان دلوں کو حیات بخشوں گا۔ ان فروتنوں کی روح کو زندہ کروں گا

یسعیاہ 65:14

لیکن تم بدکار روؤگے میرے خادم گا ئیں گے کیوں کہ وہ اپنے دلوں میں مسرور ہوں گے۔
تم اپنے ٹو ٹے ہو ئے دل کی وجہ سے ماتم کرو گے۔ کیوں کہ تمہا را دل غموں سے بھرا ہوا ہے۔

یسعیاہ 66:13

میں تمہیں اسی طرح سے دلاسا دوں گا جس طرح ماں اپنے بچے کو دلاسادیتی ہے۔
”تم یروشلم میں ہی تسلی پا ؤگے۔

یسعیاہ 66:14

جب تم یہ ہو تے ہو ئے دیکھو گے، تم اپنے دل میں خوش ہو گے۔
تمہا ری ہڈیاں ہر ے پو دے کی طرح مضبوط ہو تی چلی جا ئیں گی۔
لیکن خداوند کے دشمن اس کے قہر کے گواہ ہوں گے۔ خداوند کے خادم اس کي خدائي طاقت دیکھیں گے۔

یرمیاہ 15:16

تیرے کلام نے مجھے بہت شادمانی بخشی تیرا کلام مجھے ملا اور میں نے اسے اپنے میں سما لیا۔
تیرا نام خدا وند قادر مطلق ہے۔ میں خوش تھا کہ مجھے تیرے نام سے پکارا جاتا ہے۔

یرمیاہ 24:7

میں انہیں دکھا ؤں گا کہ میں خدا وند ہوں۔ وہ میرے لوگ ہوں گے اور میں انکا خدا ہوں گا۔ میں یہ کروں گا کیوں کہ وہ پورے دل سے میرے پاس واپس آئیں گے۔

یوحنا 14:1

یسوع نے کہا ، ''اپنے دل کو تکلیف نہ دو خدا پر اور مجھ پر بھروسہ رکھو۔

یوحنا 14:27

میں تمہیں اطمینان دلا تا ہوں یہ میرا اپنا اطمینان ہے تمہیں دیتا ہوں مگر اس طرح نہیں جیسا کہ دنیا تمہیں'' دیتی ہے اس لئے مت گھبرا ؤ اور نہ ڈرو۔

یوحنا 16:6

تمہا رے دل غم سے بھرے ہو ئے ہیں کیوں کہ میں تم سے یہ باتیں کہہ دیا ہوں۔

یوحنا 16:22

یہی کچھ تمہا رے ساتھ ہے اب تم رنجیدہ ہو لیکن میں تم سے پھر ملوں گا تو تم خوش ہو گے۔ اور کو ئی بھی تمہا ری خوشی تم سے نہیں چھین سکتا۔

رسولوں 2:46

سب اہلِ ایمان ایک ساتھ ہر روز عبادت خا نے میں اجلا س کر نے کے لئے جمع ہو تے سب کا ایک ہی مقصد ہو تا اور خوشی خوشی ایک دل ہو کر اپنے گھروں میں ساتھ کھا تے۔

رومیوں 9:2

میں بہت غمگین ہوں اور میرے دل میں دکھ درد برابر رہتا ہے۔

کرنتھیوں 2:4 ۲

جب میں نے پہلے تمہیں لکھا تو میں مصیبت اور دلگیری کی حا لت میں تھا۔اور اس وقت میں آنسو بہا رہا تھا۔ یہ میں نے تمہیں ناراض کر نے کے لئے نہیں لکھا۔بلکہ یہ بتا نے کیلئے کہ میں تم سے کتنی محبت کر تا ہوں۔

افسیوں 5:19

ایک دوسرے کی ما بین تعریفی اور حمد یہ روحا نی گیتوں کا تبادلہ کرو، گاؤ اورموسیقی کو اپنے دلوں میں خداوند کے لئے بسا ؤ

Pastor T. John Franklin
Church of Salvation, Healing, and Deliverance
COS-HAD.org